مکتوب خاص:

محسن پاکستان ڈاکٹر عبدالقدیر خان کا مکتوب گرامی

۲۸۔مئی ۹۸ءکو پاکستان نے ایٹمی دھماکہ کرکے بھارت کے ایٹمی دھماکوں کا بھرپور جواب دیا جس کا سہرا دنیا کے نامور سائنسدان محسن پاکستان ڈاکٹر عبدالقدیر خان کے سر ہے جس پر دارالعلوم حقانیہ کے مدرس مولانا حافظ محمد ابراہیم فانیؔ صاحب نے اپنی عقیدت اور جذبات کے اظہار کے طور پر ڈاکٹر صاحب کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے ایک نظم لکھی تھی جو کہ " الحق" بابت جولائی ۹۸ء میں شائع ہوئی۔ "الحق" کا وہ پرچہ افغانستان اور مختلف ممالک میں پاکستان کے سابق سفیر جناب امیر عثمان صاحب نے ڈاکٹر صاحب کو پیش کیا۔ڈاکٹر صاحب نے محترم فانیؔ صاحب کو یہ تاریخی گرانقدر مکتوب ارسال فرمایا جوکہ ہم ایک اہم یادگار کے طور پر شائع کررہے ہیں۔(ادارہ)

جناب مولانا محمد ابراہیم فانیؔ صاحب معرفت امیر عثمان صاحب سابق سفیر اسلام آباد

السلام علیکم!

امیر عثمان صاحب کی معرفت آپ نے جو پھولوں کا تحفہ اس ناچیز کو روانہ کیا تھا اس کیلئے تہہ دل سے شکرگزار ہوں جن جذبات کا آپ نے میرے لئے اظہار کیا ہے اس سے آپ کی دلی محبت وشفقت ظاہر ہوتی ہے ۔ براہ کرم اپنی دعاؤں میں رکھئے۔ اللہ تعالیٰ آپ کو اپنے حفظ وامان میں رکھے۔ تندرست وخوش وخرم رکھے اور عمر دراز کرے۔آمین۔

فقط والسلام

آپ کی دعاؤں کا طالب

ڈاکٹر عبدالقدیر خان (نشان امتیاز)